Alberta

نیوز ریلیز

تمام البرٹنز جن کی عمریں 12+ ہیں اب دوسرے ٹیکوں کے اہل ہیں

18جون، 2021ء

فوری طور پر مؤثر، کوئی بھی فرد جنہوں نے مئی یا اس سے قبل اپنا ایم آر این اے (فائزر یا موڈرنا) کا پہلا ٹیکہ لگوایا تھا وہ کووڈ-19 ویکسین کا اپنا دوسرا ٹیکہ بک کروا سکتے ہیں۔

البرٹا کینیڈا میں دوسری خوراک لگانے کے سلسلے میں آگے بڑھ رہا ہے، جبکہ اس کی اہل آبادی کا 25 فیصد سے زائد کو مکمل طور پر حفاظتی ٹیکے لگ چکے ہیں۔ البرٹا کی حکومت تمام البرٹنز کیلئے اپوائنٹمینٹیں کھول کر دوسری خوراکیں لگانے میں تیزی لا رہی ہے۔

جون میں جس کسی نے بھی ایم آر این اے کی پہلی خوراک لگوائی تھی، اب وہ اپنا پہلا ٹیکہ لگنے کے چار ہفتے گزرنے کے بعد اپنے دوسرا ٹیکہ بھی بک کروا سکتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ 983,000 سے زائد البرٹنز البرٹا ہیلتھ سروسز (اے ایچ ایس) اور حصہ لینے والی فارمیسیوں اور فزیشن کلینکس کے ذریعے دوسری اپوائنٹمینٹیں بک کروا سکتے ہیں۔

دوسرے ٹیکوں کی اپوائنٹمینٹس بک کروانا

البرٹنز جو چار ہفتے یا اس سے زیادہ عرصہ پہلے فائزر یا موڈرنا (ایم آر این اے ویکسین) کے ساتھ اپنے پہلے حفاظتی ٹیکے لگوا چکے ہیں، وہ اپنے دوسرے ٹیکوں کیلئے البرٹا ہیلتھ سروسز آن لائن بکنگ ٹول کے ذریعے، ہیلتھ لِنک کو 811 پر کال کرکے یا حصہ لینے والے فزیشنوں کے آفسز یا فارمیسیوں کے ذریعے بکنگ کروا سکتے ہیں۔ بکنگ کی جلد دستیاب تاریخ والی قریب ترین فارمیسی تلاش کرنے کیلئے، البرٹا بلیو کراس پر موجود فہرست چیک کریں۔

البرٹنز جنہوں نے آسٹرازینیکا کا پہلا ٹیکہ لگوایا تھا، انہیں اس کی بہترین تاثیر کو یقینی بنانے کیلئے اپنے دوسرے ٹیکے کی بکنگ کروانے سے پہلے کم از کم آٹھ ہفتوں کا انتظار جاری رکھنا چاہئے۔ اپوائنٹمینٹس البرٹا ہیلتھ سروسز کے ذریعے 811 کو کال کرکے بک کروائی جا سکتی ہیں۔

پہلے ٹیکوں کو ترجیح دی جارہی ہے۔ البرٹنز جنہوں نے ابھی تک ویکسین کی اپنی پہلی خوراک نہیں لگوائی، وہ اب بھی اپوائنٹمینٹ بک کروا سکتے ہیں اور ہم ان سے گزارش کرتے ہیں کہ وہ ایسا کریں۔ نیز، اگر آپ اپنا پہلا ٹیکہ لگواتے ہیں اور alberta.ca/lottery پر 24 جون رات 11:59 بجے سے پہلے رجسٹر کرواتے ہیں، تو آپ البرٹا اوپن فار سمر لاٹری کے ذریعے مبلغ 1 ملین ڈالر جیتنے کے اہل ہیں۔

ان لوگوں کیلئے آن لائن ٹول جنہوں نے صوبے سے باہر حفاظتی ٹیکہ لگوایا تھا

البرٹا ہیلتھ سروسز (اے ایچ ایس) البرٹنز کیلئے ایک نیا، محفوظ ویب پر مبنی پورٹل پیش کر رہی ہے تاکہ وہ اپنی صحت کے ریکارڈز میں صوبے سے باہر اور ملک سے باہر کووڈ-19 کے کسی بھی لگوائے گئے حفاظتی ٹیکوں کا اندراج کریں۔

لوگ اپنے 18 سال سے کم عمر بچے/ نوجوان کی طرف سے یا اپنے طور پر صوبے سے باہر یا ملک سے باہر حفاظتی ٹیکوں کے ریکارڈز جمع کروا سکتے ہیں۔ اے ایچ ایس ریکارڈز کا جائزہ لے گی اور تصدیق شدہ معلومات انفرادی مائی ہیلتھ ریکارڈز اکاؤنٹ پر دو سے تین ہفتوں کے اندر دستیاب ہوں گی۔

متعلقہ معلومات

- اپنی کووڈ-19 ویکسین کیلئے اپوائنٹمینٹ بک کروائیں

میڈیا انکوائریز

جیریکا گڈوِن(Jerrica Goodwin)

587-988-3278
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر

ٹام میکملن (Tom McMillan)

780-422-4905
اسسٹینٹ ڈائریکٹر آف کمیونیکیشنز، ہیلتھ

مزید ترجمہ شدہ حکومتی وسائل کیلئے، براہِ کرم ملاحظہ کریں: *https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx*